کل نمبر:25 | **اُردو (چہارم) ٹیسٹ نمبر 1** | **وقت:25 منٹ**

پہلا مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:**	دہرائی ٹیسٹ (چوتھا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ درست اعراب والے لفظ کی نشان دہی کریں:

(الف)	مِحبت	(ب)	مَحبت	(ج)	مُحبت	(د)	مَحُبت

2۔ اچھا شہری محبت کرتا ہے:

(الف)	ملک وقوم سے	(ب)	دولت سے	(ج)	شہرت سے	(د)	رشوت سے

3۔ اچھے انسان کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ تسلیم کر لیتا ہے اپنی:

(الف)	چوری	(ب)	غلطی	(ج)	بات	(د)	نصیحت

4۔ پارک میں لگی تختیوں پر کیا لکھا تھا؟

(الف)	پھول توڑنا منع ہے۔	(ب)	شور کرنا منع ہے۔
(ج)	پالتو جانور ساتھ لانا منع ہے۔	(د)	پارکنگ دائیں جانب ہے۔

5۔ حامد صاحب بچوں کو کہاں لے گئے تھے؟

(الف)	پارک میں	(ب)	مسجد میں	(ج)	بازار میں	(د)	دیہات میں

6۔ ”لیکن ہمیں کسی نے نہیں دیکھا۔“ یہ الفاظ کس نے کہے؟

(الف)	طیب نے	(ب)	احسن نے	(ج)	احمد نے	(د)	احسان نے

7۔ ”قصبہ“ کا معنی ہے:

(الف)	شہر سے بڑی بستی	(ب)	شہر سے چھوٹی بستی	(ج)	دیہات سے چھوٹی بستی	(د)	دیہات سے بڑی بستی

8۔ بچوں سے کیا غلطی ہوئی؟

(الف)	پھول توڑنے کی	(ب)	گل دان توڑنے کی	(ج)	جگ توڑنے کی	(د)	پتے توڑنے کی

9۔ دیے ہوئے الفاظ میں سے اسم معرفہ کی نشان دہی کریں:

(الف)	خضدار	(ب)	لڑکا	(ج)	گھر	(د)	پھول

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 10،11 اور 12 کے جوابات دیں۔**

حامد صاحب نے کہا: ”بیٹا! یہ بات بالکل ٹھیک ہے۔ اچھا شہری قانون کا احترام کرتا ہے۔ وہ اصولوں کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ ڈاک خانہ ہو یا بینک، ہسپتال ہو یا بسوں کا اڈا، ریلوے سٹیشن ہو یا ایئرپورٹ، وہ ہر جگہ اپنی باری کا انتظار کرتا ہے۔“

عافیہ نے کہا: ابا جان! ہمیں اپنے گلی محلے کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

حامد صاحب نے کہا: ہاں بالکل، اب بات آپ کی سمجھ میں آنے لگی ہے۔ ہمیں گھر کا کوڑا کرکٹ گلی میں یا باہر کھلی جگہ پر پھینکنے کے بجائے کوڑے دان میں ڈالنا چاہیے۔ گلی میں یا سڑک پر کہیں اینٹ، پتھر، کیلے کا چھلکا کانٹا یا کوئی خاردار جھاڑی نظر آئے تو اسے ہٹا دینا چاہیے۔ ”یہ تو بہت آسان کام ہیں۔“ طیب نے جوش سے کہا۔

حامد صاحب نے کہا: بیٹا! اگر ہم ان چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خیال رکھیں تو اچھے شہری بنیں گے۔ مجھے اُمید ہے کہ تم اچھے شہری بنو گے۔

تینوں بچوں نے بہ یک آواز کہا: ان شاءاللہ!

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	ہم بنیں گے اچھے شہری	(ب)	نیا کمپیوٹر
(ج)	مثالی معلم	(د)	جب ہر چیز سونا بن جائے

11۔ اچھا شہری کن جگہوں پر اپنی باری کا انتظام کرتا ہے؟

(الف)	بینک	(ب)	ہسپتال	(ج)	ریلوے سٹیشن	(د)	تمام درست

12۔ عبارت کے مطابق تینوں بچوں نے بہ یک آواز کہا:

(الف)	ان شاءاللہ	(ب)	ماشاءاللہ	(ج)	اللہ اکبر	(د)	سبحان اللہ

حصہ دوم

سوال نمبر 1: ”میں بنوں گا اچھا شہری“ اس موضوع پر دس جملوں پر مشتمل ایک مختصر مضمون لکھیں۔ (6)

حصہ سوم

سوال نمبر 1: والدہ کے نام تعلیمی حالت اور صحت کے بارے میں بتانے کے لیے خط لکھیں۔ (7)